PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ:27فروری2025ء

جناب چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کمیشن ممبران کے ہمراہ بروز جمعرات عالمی یومِ خواتین 2025 کے موقع پر الیکشن کمیشن کی خواتین کے لیے شمولیاتی شناختی کارڈ/ووٹر رجسٹریشن مہم Inclusive Women CNIC & VOTER Registration Campaign کے پانچویں مرحلے کا افتتاح کیا۔ اس مہم کے گذشتہ چار مراحل نے خواتین اور دیگر پسماندہ گروپوں کے لیے برابری کی بنیاد پر انتخابی شرکت کے فروغ کو اجاگر کیا اور انتخابی عمل میں شمولیت اور صنفی مساوات کو بڑھانے کے لیے انتہائی اہم اقدامات اٹھائے گئے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ جمہوریت اس وقت پروان چڑھتی ہے جب ہر آواز سنی جائے اور ہر شہری کو اپنے ووٹ کے ذریعے اپنے مستقبل کی تشکیل کا موقع ملے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کے آئینی دائرہ اختیار کا حوالہ دیتے ہوئے آرٹیکل 25اور الیکشنز ایکٹ 2017ء کی دفعات 47اور48 کے تحت خواتین اور پسماندہ گروپوں کی شمولیت کے لیے الیکشن کمیشن اور نادرا کی جانب سے خصوصی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

جناب چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ یہ ہم سب کے لیے فخر کا لمحہ ہے کہ الیکشن کمیشن نے انتخابی فہرستوں میں صنفی فرق کو2018 میں 11.8 فیصد سے کم کر کے جنوری 2025 میں 7.4 فیصد تک پہنچا دیا ہے، جو الیکشن کمیشن کی مسلسل محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے اس کامیابی پر الیکشن کمیشن کی ٹیم اور شراکت داروں کی محنت کو سراہا، جنھوں نے مہم کے گزشتہ چار مراحل میں انتہائی لگن سے کام کیا۔

الیکشن کمیشن نے ایشیا پیسیفک خطے میں Gender Mainstreaming and Social Inclusion Framework کی بنیاد رکھی ہے، جس کے ساتھ پانچ سالہ عملی منصوبہ بھی تیار کیا گیا ہے تاکہ خواتین اور پسماندہ طبقات کی زیادہ سے زیادہ شمولیت اور نمائندگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ کمیشن نے صنفی جوابدہ بجٹ سازی کے عمل کا بھی آغاز کیا ہے اور صوبوں و اضلاع میں اپنے عملے کو صنفی لحاظ سے حساس منصوبہ بندی کے لیے تربیت فراہم کی ہے۔

چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نے الیکشن کمیشن کی جانب سے خواتین کے لیے معاون ماحول مہیا کرنے کے عزم کو اجاگر کیا، جس میں ڈے کیئر سینٹرز، ٹرانسپورٹ کی فراہمی، خواتین کے کامن روم اور مخصوص پارکنگ جیسے انتظامات شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن نے اہم عہدوں پر خواتین کی نمائندگی کو بھی یقینی بنایا ہے، جن میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اور الیکشن آفیسرز (ڈی ای سی اینڈ ای او) شامل ہیں، اور کام کے مقام پر ہراسانی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کو نافذ کیا ہے۔

جناب چیف الیکشن کمشنر نے انتخابی فہرستوں میں صنفی فرق کو مزید کم کرنے کے لیے الیکشن کمیشن کے جامع نقطہ نظر کو اجاگر کیا اور کہا کہ یہ مہم صرف ایک تشہیری مہم نہیں، بلکہ الیکشن کمیشن اور نادرا کی مشترکہ قانونی ذمہ داری ہے۔

اختتام پر، جناب چیف الیکشن کمشنر نے مشترکہ ایکشن کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ہر شہری، خاص طور پر خواتین اور پسماندہ طبقات، کی رجسٹریشن، شمولیت اور بااختیار بنانے کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کی خواتین عملے کو ان کی خدمات پر مبارکباد دی اور عالمی یومِ خواتین کے تصورات کو عملی طور پر تبدیل کرنے کے الیکشن کمیشن کے عزم کو دوبارہ دہرایا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING